1989ء سے مسلسل اشاعت
19 تا 25 جنوری 2024 | شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 36

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

**FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**
**FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989ء سے مسلسل اشاعت weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — صفحات: 28 رنگین 16 عمومی



رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com



**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

**چارجز: 100 روپے**
کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے
بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے
خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
ای میگزین 1500 روپے

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**For Online Payments**
**Bank Makramah (BML)**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171411 2960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367


انتظار کی گھڑیاں ختم - 3 سال بعد ایک بار پھر

# 12 ویں کرکٹ کپ وفیملی گالا کی تیاریاں زور وشور سے جاری

12th CRICKET FAMILY GALA 2024

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سلمان پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے زیر انتظام کراچی پیپر مارکیٹ اور اراکین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اہل خانہ، عملہ کے لئے 12 ویں کرکٹ کپ وفیملی گالا 2024 جو نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں 4 فروری کو صبح 8 بجے شروع ہوگا اور شام تک جاری رہے گا۔ اس کے لئے تمام تر تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ کھلاڑیوں کی کٹ (ٹراوزر، کیپ اور ٹی شرٹس) تیار ہو رہی ہیں کارڈ کی طباعت کا کام بھی شروع ہو گیا ہے۔ ہر ٹیم کے لئے منیجر کا تقرر بھی کیا گیا ہے۔ جس میں پنڈورائل کے لئے علی حیدر، ننگبو اسٹار کے لئے محمد فیصل، نیو یا لائنز کے لئے محمد نذیر اور آئی کے ایگلز کے لئے محمد انیس ابا کو مقرر کیا گیا ہے جبکہ کپتانوں اور کھلاڑیوں کے ناموں کو پہلے ہی حتمی شکل دی جا چکی ہے۔ اس سلسلے میں معلوم ہوا ہے کہ سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز اور بلھے شاہ میسرز اینڈ بورڈ ملز اور بینک الحبیب بھی سلمان پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ اسپانسر میں شامل ہو گئے ہیں۔ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ (آئی بی ایم) اپنے کاروباری پرنسپل اے پی پی کے ساتھ آفیشل اسپانسر ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ داخلہ بذریعہ کارڈ ہوگا اور صرف فیملی کے ساتھ داخلے کی گراؤنڈ میں اجازت ہوگی۔ دس سال سے کم عمر کے بچے کارڈ سے مستثنیٰ ہوں گے۔ اس کے علاوہ ایک تعمیراتی کمپنی منارہ مارکیٹنگ بلڈرز اینڈ ڈویلپرز بھی دیگر کے ساتھ اپنا اسٹال گراؤنڈ میں لگائے گی۔ آئی بی ایم کی پرنسپل کمپنیاں پنڈو ڈیلی، آئی کے، ننگبو گولڈ اور نیو یا بوہی کی پروڈکٹ کے بھی اسٹال لگائے جائیں گے۔ حسب معمول حاضرین کے لئے کھانے پینے کے اسٹال بھی ہوں گے۔ ان تیاریوں کے لئے ایک انٹرٹینمنٹ کمیٹی حبیب نور محمد کی سربراہی میں کام کر رہی ہے جس میں محمد انیس، علی حیدر، رضا شیخ اور دیگر فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ یکم مارچ 2020 کو 11 واں کرکٹ کپ وفیملی گالا آخری بار منعقد ہوا تھا اور دو سال کووڈ 19 اور ایک سال ملکی معاشی حالات کے باعث اس کا انعقاد تعطل کا شکار تھا۔ اس سال نئے تعمیر ہونے والے بین الاقوامی معیار کے ''نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم'' میں منعقد ہوگا۔

(کھلاڑیوں کے نام بمعہ تصاویر اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجئے)

# چیئرمین پاپگائی سعد حلیم کا ڈاکٹر احمد رضا اور پروفیسر طارق کو خراج تحسین

لاہور (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین پاپگائی سعد حلیم خان نے گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس پی جی اے میں ڈاکٹر احمد رضا اور پروفیسر محمد طارق ملک کی الوداعی تقریب کے موقع پر اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر احمد رضا کو پرنٹنگ اور پیکیجنگ انڈسٹری میں خاص طور پر کریکولم ڈویلپمنٹ اور شارٹ کورسز کے آغاز کے حوالے سے ان کے تعاون کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے یہ عزم بھی کیا کہ پاپگائی کی طرف سے پی جی اے کی طرف سے تکنیکی تعلیم کے ذریعے ترقی کے لیے تعاون جاری رہے گا۔ افتخار احمد سابق پرنسپل پی جی اے خالد محمود سابق چیئرمین ٹی ویٹا سلمان طارق پرنسپل پی جی اے سینئر ممبران پاپگائی عرفان احمد اور مبین حسینی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پاپگائی نے دونوں معزز پروفیسرز کو گلدستے پیش کیے۔







یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# افغان ڈرائیورز کیلئے پاسپورٹ کی شرط برقرار، طورخم بارڈر پر تجارت پھر بند

کابل، طورخم (بزنس ڈیسک) افغان ڈرائیورز کیلئے پاسپورٹ کی شرط کے معاملے پر پاک افغان طورخم بارڈر کو تجارت کیلئے ایک بار پھر بند کردیا گیا ہے، پاکستانی حکام نے ہفتہ 13 جنوری کو ویزا کی شرط عائد کئے جانے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے افغان ہم منصبوں کو مطلع کیا کہ ٹرک ڈرائیور صرف ایک درست پاسپورٹ کے ساتھ ہی سرحد عبور کر سکتے ہیں، تاہم افغان حکام نے اس پر عملدرآمد یقینی بنائے جانے کی بجائے سرحد کو ہی بند کردیا۔ افغان سرحدی امور کے ایک عہدیدار عبدالجبار حکمت نے بتایا کہ پاکستانی حکام نے ویزے کے بغیر طورخم بارڈر کمرشل ٹرک ڈرائیوروں کے لئے بند کردی ہے۔ ایک پاکستانی کسٹم اہلکار نے بتایا کہ ہماری اپ ڈیٹ کردہ پالیسی کے بعد، افغان حکام کو گزشتہ رات مطلع کیا گیا کہ کارگو ڈرائیوروں کو صرف اس صورت میں ہماری طرف جانے کی اجازت دی جائے گی جب ان کے پاس پاسپورٹ ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس ضابطے پر افغان اور پاکستانی حکام کے درمیان سرحدی قوانین پر ماضی کی ملاقاتوں میں اتفاق کیا گیا تھا۔ تاہم، پہلے سے طے شدہ ضوابط پر عمل کرنے کی بجائے، افغان سرحدی حکام نے سرحدی تجارت کو بند کرنے کا انتخاب کیا۔ قبل ازیں پاک افغان طورخم سرحد پر کارگو گاڑیوں کے افغان ڈرائیورز کے لیے پاسپورٹ کی شرط پر عمل درآمد جاری ہے جب کہ پاسپورٹ نہ رکھنے والے ڈرائیورز کو پاکستان میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ پاسپورٹ کی شرط پر عملدرآمد کے دوران طورخم بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں معطل ہیں اور بارڈر کے دونوں اطراف مال بردار گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی ہیں۔ پاکستانی حکام نے افغان ڈرائیورز، مریضوں پر درست ویزہ پاسپورٹ کی شرط عائد کردی ہے، بغیر سفری دستاویزات کسی کو آنے جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ کارگو گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لیے پاسپورٹ ویزا کی شرط پہلے سے عائد تھی، افغان سیکیورٹی حکام نے افغان ڈرائیورز کو پاسپورٹ ویزا کی شرط سے استثنٰی دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستانی حکام کا کہنا ہے کہ ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کے لئے ویزہ سفری دستاویزات ہونا ناگزیر ہے، حکومت پاکستان نے ویزہ پاسپورٹ شرط پر بار بار توسیع اور وقت بھی دیا گیا لیکن افغان حکام اس کو یکطرفہ فیصلہ سمجھ رہے ہیں۔

## انتخابی بیلٹ پیپرز کی طباعت شروع، پرائیویٹ پرنٹرز کیلئے مشاورت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی وصوبائی اسمبلیوں کے امیدواروں اور الاٹ شدہ انتخابی نشانات پر مشتمل بیلٹ پیپرز کی طباعت کا کام فارم 33 کی شکل میں 14 جنوری سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جو 3 فروری تک مکمل ہوگا، سکیورٹی پرنٹنگ پریس سندھ، بلوچستان، جنوبی پنجاب کے بیلٹ پیپرز چھاپے گا۔ ملک بھر کے قومی وصوبائی اسمبلیوں کے تمام حلقوں کے اُمیدواروں کے بیلٹ پیپرز خصوصی کاغذ پر طبع ہونگے۔ اس خصوصی کاغذ میں کرنسی نوٹ کی طرح سکیورٹی فیچرز رکھے گئے ہیں۔ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلیوں کے امیدواروں کے بیلٹ پیپرز زیادہ سے زیادہ تین فروری تک طبع کردیئے جائیں اور اسکے بعد الیکشن کمیشن آف پاکستان ان طبع شدہ کروڑوں بیلٹ پیپرز کو پاکستانی فوج کی نگرانی میں ہر ضلع میں پہنچائے جائیں گے جبکہ پرنٹنگ کا کام فوج کی نگرانی میں ہوگا۔ ہر پرنٹنگ پریس پر فوج موجود رہے گی۔ بیلٹ پیپرز کی چھپائی کا کام کسی پرائیویٹ پرنٹنگ پریس سے کرنے کی چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے چاروں صوبوں کے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں موجود ایک ایک ممبر کے ساتھ مشاورت کی اجازت دی ہے۔

## ٹیکس چوروں کے بجلی وگیس کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ مارچ تک ملتوی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس چوروں کے بجلی وگیس کے کنکشنز منقطع اور موبائل سمز بلاک کرنے کا فیصلہ مؤخر کردیا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق نان فائلرز کے خلاف انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 114B کے تحت کارروائی کی جانی تھی، نان فائلرز کے خلاف ایکشن لینے سے قبل انکم ٹیکس جنرل آرڈر تیار نہیں کیا جاسکا۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ فائلرز کے خلاف اقدامات سے ایف بی آر کو عدالتوں سے لیگل ایشوز کا سامنا کرنا پڑسکتا تھا، یکم مارچ تک ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ جاری کرنے کے بعد نان فائلرز کے خلاف اقدامات شروع ہو سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق نان فائلرز کے خلاف سمز بند، کنکشنز منقطع کرنے کے علاوہ پینلٹی عائد کرنے کے اقدامات ہوں گے۔ ذرائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ لیگل ایشوز کے مسائل اور ڈیٹا مکمل نہ ہونے کے باعث نان فائلرز کے خلاف ایکشن نہیں لیا جاسکا، اقدامات کے تحت جون 2024 تک بیس لاکھ تک نئے ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا ہدف تھا۔

## جاپانی شپنگ کمپنی نے بحیرۂ احمر میں جہازوں کی آمدورفت معطل کردی

ٹوکیو (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) جاپان کی نقل وحمل کی سب سے بڑی کمپنی نپون یوسین نے منگل کو بحیرۂ احمر میں چلنے والے تمام جہازوں کی آمدورفت معطل کردی۔ ترجمان نے کہا کہ این وائے کے لائن کے نام سے معروف کمپنی نے بھی بحیرۂ احمر کے قریب آمدورفت کرنے والے جہازوں کو محفوظ پانیوں میں انتظار کرنے کی ہدایت کی ہے اور وہ راستے میں تبدیلی پر غور کررہی ہے۔ جاپانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جہاز رانی اور نقل وحمل کی دو دیگر جاپانی کمپنیوں مٹسوئی او ایس کے لائنز اور کاواساکی کسن کیشا نے بھی اپنے تمام جہازوں کی بحیرۂ احمر کے راستے نقل وحرکت معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ یمن میں حوثی افواج پر امریکی اور برطانوی فضائی حملوں کے آغاز کے بعد کمبائنڈ میری ٹائم فورسز نے جہازراں کمپنیوں کو خطے سے دور رہنے کا مشورہ دیا تھا۔

## ضروری اشیا کی فروخت کیلئے ڈیجیٹل انوائسز لازمی قرار

اسلام آباد/ لاہور (بزنس ڈیسک) مصنوعات کی فروخت کے لیے ڈیجیٹل رسیدیں لازمی قرار دینے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کا اطلاق یکم فروری 2024 سے ہوگا، نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ ڈیجیٹل انوائس کا اطلاق فاسٹ مووِنگ کنزیومرز گڈز کی فروخت پر ہوگا۔ واضح رہے کہ فاسٹ مووِنگ گڈز سے مراد وہ اشیا ہوتی ہیں جن روزانہ کی بنیاد پر بڑے پیمانے پر خرید وفروخت کی جاتی ہے، ان میں اشیائے خورو نوش، ادویات، ڈیری مصنوعات وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیا فروخت کرنے پر ڈیجیٹل انوائس کی شرط ہوگی، رجسٹرڈ افراد کو سیلز ٹیکس انوائس جمع کروانی ہوں گی، فیصلے کا اطلاق اشیائے ضروریہ کے درآمد کنندگان اور مینوفیکچررز پر ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق روزمرہ استعمال کی اشیا فروخت کرنے والے ہول سیلرز اور ڈیلرز پر بھی اس فیصلے کا اطلاق ہوگا، اشیا زیادہ تعداد میں درآمد اور سپلائی کرنے والے ریٹیلرز پر بھی فیصلہ لاگو ہوگا۔ مزید بتایا گیا ہے کہ ادویات کی مینوفیکچرنگ، امپورٹ، ریٹیل، ہول سیل پر بھی ڈیجیٹل انوائس لازمی ہوگی، بیوٹی اینڈ پرسنل کیئر اشیا کے مینوفیکچررز، امپورٹرز کے لیے ڈیجیٹل انوائس لازمی ہوگی، اطلاق ہوم کیئر اور ڈیری مصنوعات کے ہول سیلرز، ڈیلرز اور ریٹیلرز پر بھی ہوگا۔ بچوں کی خوراک کی فروخت کے لیے بھی ڈیجیٹل انوائس لازمی ہوگی، فروزن ڈیزرٹس کی فروخت پر بھی ڈیجیٹل انوائس ضروری ہے۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER



ATC
Source of Paper & Board

# Nine-Dragon Mill

is the Biggest Paper & Board Producer in the World

**FSC Certified**

- *FBB White Back*
- *Wood Free Offset Paper*
- *Coated Duplex Board with Grey Back*
- *Cup Board High Bulk*



Nine-Dragon Mill Appoint **ATC Pakistan Pvt Ltd,**

**As an Exclusive Agent For Pakistan Market**

For Any Requirements & Details

MILLS REPRESENTATIVE

ATC
Source of Paper & Board

## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# MUNARA
## MARKETERS BUILDERS & DEVELOPERS

آپ کی خدمت کے لئے
مُنارا مارکیٹرز بلڈرز اینڈ ڈیویلپرز
بارہویں کرکٹ کپ وفیملی گالا کے موقع پر
4 فروری 2024 کو نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم
میں موجود ہونگے۔

***We Make Your Dream Home***

**AUTHORIZED DEALERSHIP OF:**

NAYA NAZIMABAD
A MARK OF PRIDE

مِنی کراچی اسمارٹ سٹی
MINI KARACHI SMART CITY

FALAKNAZ WONDER CITY

AZAN ICON CITY

GREEN SMART CITY

**MARKETING PARTNER OF:**

KHIZAR MALL & RESIDENCY

**COLLABORATION PARTNER OF:**

GULMOHAR CITY

کمیٹی کے پیسوں سے
بنجائیں اپنے پلاٹ کے مالک

آج مُنارا کے ساتھ انویسٹ کریں
اور مستقبل میں منافع کمائیں۔

## Our Services

- Residential & Commercial Projects Construction Services
- Home & Office Furniture
- Architectural Services with 3D Animations
- Interior Designing
- Interior Decoration
- Real Estate Marketing
- Real Estate Consultancy

021-36681188, 36636479 0330-9062986

info@munara-mbd.com www.munara-mbd.com munara marketers builders & developers

Plot #. B-258, Block-L, North Nazimabad, Karachi.



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

NEVIA
LIONS

# 12واں کرکٹ کپ و فیملی گالا 2024

4 فروری 2024 بروز اتوار،

بمقام نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم، کراچی

صبح 8 بجے سے شروع ہوگا

12th CRICKET
FAMILY GALA
2024



Mr, **Muhammad Nazeer**
Team Manager



**Mr. M Hussain**(Captain)
M/s: Daulat Sons



**Mr. Rehmat**
M/s: Stocko Company



**Mr. Suleman Shaikh**
M/s: Pak Pap (Pvt) Ltd



**Mr. Ibrahim Hussain**
M/s Daulat Sons



**Mr. Sana Ullah**
M/s: Azeem Paper Mart



**Mr. Yousuf Hussain**
M/s Daulat Sons



**Mr. Ammar Ahmed**
M/s: Ahmed Papers



**Mr. Dawood Mahmood**
M/s: Daulat Sons




**Mr. M. Rafay**
M/s F.F. Enterprises



**Mr. Abdul Nafay**
M/s F.F. Enterprises



**Mr. Hassan Farhan**
M/s: Sana Paper Mart



**Mr. Nabeel Aslam**
M/s: IBM



**Mr. M Ali Qureshi**
M/s: IBM



**Mr. Kamran**
M/s: Hashim Brothers



**Mr. Haris Tahir**
M/s: A.Z. Traders



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINAR SPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED


**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# مقامی ودرآمدی آفسیٹ، بلیچ بورڈ، اسٹیکر، کاربن لیس اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 17 جنوری 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ بوہی، مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ، فلائنگ ہائی فنش اور کراؤن، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک اور وائی ایم سی اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال اس طرح سے ہے کہ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا 17x24 سائز 4650 روپے سے کم ہو کر 4500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ بوہی تمام سائز 210 گرام اور تمام سائز 250-350 گرام، 352 روپے سے کم ہوکر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام 475، روپے سے کم ہوکر 470 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام 275 روپے سے کم ہوکر 265 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 360 روپے سے کم ہوکر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 280 روپے سے کم ہوکر 270 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1030 روپے سے کم ہوکر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی ایل سی 70 گرام 1010، روپے سے کم ہوکر 985 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1220، روپے سے کم ہوکر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 70 گرام 1400، روپے سے کم ہوکر 1380 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہو کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون A4 سائز 80 گرام، 1520 روپے سے کم ہوکر 1420 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 80 گرام، 1200 روپے سے کم ہو کر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4050، روپے سے کم ہو کر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 3900، روپے سے کم ہوکر 3750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4050 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## چائنا نیوایئر تعطیلات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چائنا کے نئے سال کی تعطیلات کا آغاز 9 فروری سے ہوگا جو 18 فروری 2024 تک جاری رہیں گی۔ اس دوران چین میں تمام مکمل بند رہیں گے اور پیداوار اور سپلائی بند رہے گی۔ تاہم 3 اور 4 فروری بروز ہفتہ اور اتوار اور 24 و 25 فروری کو چائنا میں کام جاری رہے گا اور ہفتہ وار تعطیلات نہیں ہوں گی۔

## منفی فہرست سے کئی اشیاء کو نکال دیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے اشیاء کی نیگیٹو فہرست پر نظر ثانی کرتے ہوئے فہرست سے بہت سی اشیاء کو نکال دیا ہے۔ اس اقدام سے برآمدی شعبے کی پانچ بڑی صنعتوں اور مینوفیکچررز کی۔ جانب سے استعمال ہونیوالے خام مال اور صنعتی ان پٹ پر ان پٹ ٹیکس میں ایڈجسمنٹ میں مدد ملے گی۔ سیلز ٹیکس جنرل آرڈر کے مطابق ایف بی آر نے ٹیکسٹائل، آلات جراحی، قالین بافی، لیدر اور کھیلوں کے سامان کے پانچ بڑے برآمدی شعبے کی نیگیٹو فہرست کے 714 آئٹم کو فہرست سے نکال دیا ہے جن پر ان پٹ ٹیکس کی اجازت نہیں تھی، اب برآمدی۔ شعبے میں ٹیوب، گلاس، پائپ کے خام مال۔ کی خریداری اور لیدر اور سپورٹس کے شعبے میں خیموں، کینوس کو ان پٹ ٹیکس کی فہرست میں شامل کر دیا گیا ہے۔

## تجدید ٹریڈ لائسنس کیلئے سہولت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ٹریڈ لائسنس کے افسران سے اجلاس کرنے کے بعد یہ طے کیا ہے کہ لائسنس کی کسی قانونی نوٹس کے بغیر ریکوری کو مکمل بنایا جائے گا۔ جس کے لئے ٹی ایم سی دفتر کھوڑی گارڈن سے ٹی ایم سی انسپکٹر جناب میر اکرم اور جناب محمد صابر شیخ ریکوری کا عمل مکمل کریں گے جن کا موبائل نمبر 0335-2588657 ہے، اپیما ممبران سے کہا گیا ہے کہ 2 ہفتے کے اندر اندر اپنے سالانہ چالان وصول کرنے کے بعد بذات خود سندھ بینک (پیپر مارکیٹ برانچ) میں جمع کروائیں اور جمع شدہ چالان کی کاپی انسپکٹرز کو دینے کے بعد ٹریڈ لائسنس حاصل کر لیں۔ اپیما نے کہا ہے کہ ممبران اپنا چالان خود بینک میں جمع کروائیں تا کہ آپ کو کیش سے متعلق کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تجدید سے متعلق اگر کسی قسم کی شکایت ہو تو فوری طور پر دفتر ایسوسی ایشن میں رابطہ کریں۔

## عون علی فاطمی کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کی رکن فرم میسرز عون علی پیپر مارٹ کے عون علی فاطمی کی اہلیہ اور ادریس فاطمی کی والدہ 16 جنوری 2023 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD
Kantak Sticker Cream Offset Japan
105-Gsm

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تاجروں نے چین سے 22 ارب ڈالر کا مال خرید کر 12 ارب بتایا، ڈاکٹر گوہر اعجاز

## ڈالر 260 سے 320 تک افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کی وجہ سے گیا، کراچی میں 10 ہزار ایکڑ پر مشتمل صنعتی زون بنائیں گے، فیڈریشن میں خطاب

کراچی (نیوز ڈیسک) نگران وفاقی وزیر تجارت گوہر اعجاز نے ملک میں ڈالر کی قیمت میں اضافے کا ذمہ دار تاجروں کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر بڑے پیمانے پر انڈر انوائسنگ میں ملوث ہیں۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے نگران وفاقی وزیر تجارت گوہر اعجاز نے تاجروں کے خلاف چارج شیٹ پیش کردی۔ نگران وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈالر 160 سے 320 تاجروں کی وجہ سے ہوا، افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے ذریعے اسمگلنگ میں تاجر ملوث ہیں، چین سے 22 ارب ڈالر کا مال خرید کر 12 ارب ڈالر بتایا گیا، چین سے ڈیٹا لیکر آیا ہوں، تاجر بڑے پیمانے پر انڈر انوائسنگ میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ایک ہزار ایکڑ اراضی پر نیا صنعتی زون بنانے کا تصور پیش کیا ہے، نیا زون ملکی برآمدات کو آئندہ 5 سال میں 100 ارب ڈالر تک لے جائیگا۔ انھوں نے تاجروں اور صنعت کاروں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب حکومت نے امپورٹ کو روکنے کے لئے ایل سی کی پابندیاں لگائیں تو ہمارے کاروباری طبقے نے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ سے گولا گھمانا شروع کردیا، اس سے افغانستان کی تجارت جو کہ 2 ارب ڈالر تھی وہ 7 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، اس سے ایک طرف زرمبادلہ باہر گیا تو دوسری طرف 50 فیصد ڈیوٹی بچائی گئی، روپے پر دباو بڑھ گیا، کچھ افراد کو تو اس سے ضرور فائدہ ہوا لیکن ملک کو بھاری نقصان پہنچا۔ وفاقی حکومت نے کراچی میں 10 ہزار ایکڑ پر مشتمل ایک وسیع صنعتی زون بنانے کا فیصلہ کیا ہے، یہاں چین کی انڈسٹری کو شفٹ کیا جائے گا، اس زون سے 20 لاکھ لوگوں کو روزگار ملے گا، ہم نے ملکی ایکسپورٹ کا 5 سال میں 100 ارب ڈالر تک کا ہدف رکھا ہے، پاکستان یو اے ای کے 3 ارب ڈالر کے رول اوور کیلئے متحدہ عرب امارات کے حکام سے درخواستیں کررہا ہے جبکہ وہ ہمیں بتاتے ہیں کہ گزشتہ ایک سال میں پاکستانیوں نے یہاں 10 ارب ڈالر کی پراپرٹی خریدی ہے، ان خیالات کا اظہار نگراں وفاقی وزیر تجارت وصنعت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے ایف پی سی سی آئی کے نومنتخب صدر عاطف اکرام شیخ کی دعوت پر ایف پی سی سی آئی کے اپنے پہلے دورے کے دوران کراچی کے تاجروں اور صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب سے پنجاب کے صوبائی وزیر اور برسر اقتدار گروپ کے سربراہ ایس ایم تنویر، عاطف اکرام شیخ اور سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے بھی خطاب کیا۔

## پاکستانیوں کیلئے برطانوی ویزا نظام آن لائن کیا جائے گا، برطانوی ہوم آفس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستانیوں کیلئے برطانوی ویزا نظام آن لائن کیا جائے گا۔ برطانوی وفد کی پیر 15 جنوری کو سیکرٹری داخلہ آفتاب اکبر درانی سے ملاقات ہوئی۔ سیکرٹری داخلہ آفتاب اکبر درانی سے سائمن ریڈلے کی سربراہی میں برطانوی ہوم آفس کے وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے بھی شرکت کی، ملاقات میں اسٹوڈنٹ ویزا پر غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی حوصلہ شکنی کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی، سائمن ریڈلے نے کہا کہ پاکستانی شہریوں کیلئے ویزا کے نظام کو مکمل طور پر آن لائن/ ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے، ترجمان وزارت داخلہ نے مزید کہا کہ حال ہی میں مدت سے زائد قیام کی صورت میں فیس کو 800 ڈالر سے کم کرکے 400 ڈالر کردیا گیا ہے۔

# غیرضروری کیسز واپس لینے پر اتفاق، صدر فیڈریشن کی سربراہی میں ملاقات

## چیئرمین نیب سے ایف پی سی سی آئی وفد کی ملاقات

کراچی (نیوز ڈیسک) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے قومی معیشت کو رواں دواں رکھنے میں تاجر برادری کے کردار کو بھی سراہا جس کے ذریعے وہ ملک میں روزگار کے مواقع پیدا کررہے ہیں اور محصولات ادا کررہے ہیں۔ چیئرمین نیب نے اس بات سے اتفاق کیا ہے کہ تاجر برادری کو سہولت فراہم کی جانی چاہیے اور ٹریڈ وانڈسٹری کو کسی صورت ہراساں نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی قیادت میں ایف پی سی سی آئی کے وفد سے ملاقات میں کیا۔ وفد میں سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، نائب صدر آصف انعام، سابق سینئر نائب صدور ایف پی سی سی آئی خالد تواب، حنیف گوہر، مظہر علی ناصر اور ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، احمد چنائے، مصطفی شیخانی اور دیگر ممتاز کاروباری رہنماؤں کے علاوہ نیب کے ڈائریکٹر جنرل آپریشنز حسنین احمد اور ڈائریکٹر جنرل نیب سندھ جاوید اکبر ریاض بھی موجود تھے۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ چیئرمین نیب نے ہمیں بتایا ہے کہ تاجروں کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے وہ کاروباری برادری سے متعلق زیرالتوا نیب کیسز کا جائزہ لیں گے اور ایسے تمام مقدمات جو غلط اور غیرضروری ہیں وہ ختم کردیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ عمل تیزی سے مکمل ہونے کی توقع ہے اور اگلے دو ماہ کے اندر مکمل ہوجائے گا۔ عاطف اکرام شیخ نے مزید کہا کہ کاروباری، تجارتی، صنعتی، کمرشل اور اقتصادی سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول برقرار رکھنے کے لیے ملکی قانون کی بالادستی ضروری ہے۔

# نومبر میں پیپر و پیپر بورڈ کی پیداوار میں کمی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں نومبر کے دوران ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق نومبر 2023 میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ (ایل ایس ایم آئی) 114.85 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو نومبر 2022 کے مقابلہ میں 1.6 فیصد زیادہ ہے، نومبر 2022 میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 113.05 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اکتوبر کے مقابلہ میں نومبر میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں ماہانہ بنیادوں پر 3.6 فیصد کی نمو ہوئی، اکتوبر میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 110.83 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا تھا جو نومبر میں بڑھ کر 114.85 پوائنٹس ہوگیا، جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 0.8 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 111.96 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 112.87 پوائنٹس تھا۔ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں ملک میں خوراک کی پیداوار میں 0.5 فیصد، کوئلہ وپٹرولیم 0.4 فیصد، کیمکلز 0.3 فیصد، فارما 1.6 فیصد، غیردھاتی معدنیات 0.1 فیصد، مشروبات 0.1 فیصد، اور مشینری وآلات کی پیداوار میں 0.2 فیصد کا اضافہ ہوا، اس کے برعکس ٹیکسٹائل کی پیداوار میں 2.5 فیصد، آئرن اینڈ سٹیل 0.1 فیصد، آٹو موبائل 1.7 فیصد، تمباکو 0.8 فیصد، برقی آلات 0.5 فیصد، پیپر اینڈ بورڈ 0.1 فیصد اور فرنیچر کی پیداوار میں 1.7 فیصد کی کمی ہوئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# چھوٹے تاجروں، دکانداروں کے مسائل حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے، صدر کراچی چیمبر

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر افتخار احمد شیخ نے آل سٹی تاجر اتحاد (اے سی ٹی آئی) کے اراکین کی شکایات سننے کے بعد یہ یقین دہانی کروائی ہے کہ کے سی سی آئی پوری تاجر برادری کا حقیقی نمائندہ ہونے کے ناطے امن و امان اور انفرا اسٹرکچر سے متعلق مسائل کو اولین ترجیح پر متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھائے گا اور یہ یقینی بنایا جائے گا کہ پریشان حال دکانداروں کو جلد از جلد ریلیف فراہم کیا جاسکے جو کئی چیلنجز کے باوجود کسی نہ کسی طرح اپنا کاروبار جاری رکھے ہوئے ہیں۔ کے سی سی آئی کے صدر نے آل سٹی تاجر اتحاد وفد کے کراچی چیمبر کے دورے کے موقع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اے سی ٹی آئی کے زیادہ تر اراکین بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز اور شہری سہولیات کے فقدان پر فکر مند ہیں۔ اس لیے کراچی چیمبر کی لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی یقینی طور پر محکمہ پولیس کے متعلقہ اعلیٰ افسران کے ساتھ امن و امان کا مسئلہ اٹھائے گی نیز سڑکوں کی ابتر حالت کا معاملہ بھی میئر کراچی کے ساتھ جلد از جلد اٹھائیں گے تاکہ انہیں بہتر بنایا جاسکے۔ اس کے علاوہ ایف بی آر سے متعلق مسائل کو بھی مؤثر انداز میں حل کرنے کے لیے بھی لائحہ عمل وضع کیا جائے گا۔ اجلاس میں صدر اے سی ٹی آئی حماد پونا والا، صدر کے سی سی آئی افتخار احمد شیخ، سینئر نائب صدر الطاف اے غفار، نائب صدر تنویر احمد باری، چیئرمین خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز عبدالمجید میمن، چیئرمین لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی یوسف یعقوب اور کے سی سی آئی مینجنگ کمیٹی کے علاوہ اے سی ٹی آئی کے ممبران نے شرکت کی۔ صدر کے سی سی آئی نے دکانداروں اور چھوٹے تاجروں کو مشورہ دیا کہ وہ کراچی چیمبر کے ساتھ منسلک رہیں جو پورا ہفتہ چوبیس گھنٹے بلاکسی امتیاز ان کی خدمت کے لیے دستیاب ہے لہٰذا چھوٹے تاجر آگے بڑھیں اور ذیلی کمیٹیوں کا حصہ بنیں جس سے کے سی سی آئی کو متعدد مسائل سے آگاہ کرنے میں مدد ملے گی اور ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان مسائل کو متعلقہ محکموں کے ساتھ فوری طور پر اٹھایا جائے۔ بی ایم جی کی پبلک سروس پالیسی کے تحت کراچی چیمبر کے لیے چھوٹے تاجر اور دکاندار اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز کے چیئرمین عبدالمجید میمن کو سراہا جن کی سخت محنت کے نتیجے میں کے سی سی آئی کی چھتری تلے چھوٹے تاجروں کو مکمل طور پر متحد ہیں۔ اس موقع پر کے سی سی آئی کی خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز کے چیئرمین مجید میمن نے کہا کہ کراچی چیمبر پوری تاجر برادری کا حقیقی نمائندہ ہونے کے ناطے چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کی مکمل حمایت اور تعاون کے لیے ہمہ وقت مو جو د ہے جو کسی بھی وقت اس چیمبر سے مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اے سی ٹی آئی کے ممبران نے شہر کی تقریباً تمام تجارتی مارکیٹوں کے تاجروں کے دکانداروں کو درپیش متعدد مسائل سے نمٹنے کے لیے کراچی چیمبر سے مدد طلب کی جہاں اسٹریٹ کرائمز اور بھتہ خوری کی وارداتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جبکہ ان مارکیٹوں میں سڑکوں کی حالت بھی انتہائی خراب ہے جس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف بی آر حکام چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کے لیے بھی بہت زیادہ مسائل پیدا کر رہے ہیں جنہیں ذاتی فائدے کے لیے مسلسل ہراساں کیا جارہا ہے۔ کراچی چیمبر چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کا حقیقی نمائندہ ہونے کے ناطے پریشان حال دکانداروں کو بچانے کے لیے آگے آئے جو انتہائی مشکل معاشی ماحول میں زندہ رہنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے سی سی آئی کی متعلقہ ذیلی کمیٹی کو ایف بی آر سے متعلقہ مسائل سے نمٹنے کے لیے زیادہ فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ صدر اے سی ٹی آئی حماد پونا والا نے رینجرز کے شکایت، مانیٹرنگ سیل کے دوبارہ فعال ہونے کو سراہا جو امن و امان کے واقعات بالخصوص بھتہ خوری سے متعلق شکایات کو بلاخوف درج کرانے میں آسانی فراہم کرے گا۔ صدر شیر شاہ کباڑی مارکیٹ شیخ شاہد نے بتایا کہ نہ صرف شیر شاہ مارکیٹ بلکہ دیگر کئی مارکیٹوں کے دکانداروں کو ایک بار پھر بھتہ خوری کی پرچیاں ملنا شروع ہوگئی ہیں جبکہ چھینا چھپٹی کی وارداتوں میں بھی تیزی سے اضافہ ہوا ہے لہٰذا ایسی تمام مارکیٹوں میں پولیس اور رینجرز کے گشت کو بڑھایا جائے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے ناکے لگائے جائیں۔

## ریٹیلرز پر ٹیکس کیلئے اسکیم تیار ہوگئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی)، جو مشترکہ طور پر سویلین اور ملٹری کے اعلیٰ افسران کے زیر انتظام چلائی جاتی ہے، نے ایف بی آر کے ری اسٹرکچرنگ پلان، پی آر اے ایل کی نادرا کے ساتھ ری اسٹرکچرنگ اور 15 دن کی مدت میں ریٹیلرز کے لیے ایک آسان اسکیم متعارف کرانے کی منظوری دے دی۔ ایس آئی ایف سی کی ایپکس کمیٹی نے فنانس ڈویژن کی تجویز پر بھی غور کیا اور منظوری دی کہ وفاقی حکومت اگلے مالی سال 2024-25 سے کھاد، زرعی ٹیوب ویلوں اور صوبائی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے اخراجات پر سبسڈی روک سکتی ہے۔ ایس آئی ایف سی کی ایپکس کمیٹی کا اجلاس حال ہی میں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی صدارت میں ہوا اور اعلیٰ سرکاری ذرائع نے انکشاف کیا کہ وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے ایف بی آر کے لیے الگ الگ فیڈرل بورڈ آف کسٹمز اور فیڈرل بورڈ آف ان لینڈ ریونیو کے قیام اور متعلقہ کیڈرز سے ڈی جیز کو ان کے سربراہوں کے طور پر تعینات کرنے کے لیے نئے گورننس ڈھانچے کی تجویز پیش کی۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کسٹمز اور ان لینڈ ریونیو ایڈمنسٹریشنز کے لیے علیحدہ اوورسائٹ بورڈز کی سربراہی آزاد اعلیٰ صلاحیت کے پیشہ ور افراد اور بورڈ کے ممبران کریں گے جن میں پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی نمائندگی شامل ہوگی جنہیں موزوں اور مناسب معیار اور صحیح مہارت اور دیانت کی بنیاد پر نامزد کیا جائے گا۔

## کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے متعدد ٹیکس افسروں کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے کراچی، لاہور، اسلام آباد میں متعدد افسروں کے تبادلے کر دیے جبکہ لاہور کے تین ان لینڈ ریونیو ڈپٹی کمشنرز کو ایڈیشنل کمشنر تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، ایف بی آر نے نوٹیفکیشن نمبر 0128 آئی آر ون 2024ء جمعہ 12 جنوری کو جاری کیا ہے جس میں ان لینڈ ریونیو کے بنیادی اسکیل 18 کے تین ڈپٹی کمشنرز کو لاہور ریجنل ٹیکس آفس اور کارپوریٹ ٹیکس آف میں ایڈیشنل کمشنر کے عہدوں پر فائز کیا ہے۔ ان میں مس حائزہ سجاد کو ڈپٹی کمشنر ریجنل ٹیکس آفس لاہور سے ٹرانسفر کر کے ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو کارپوریٹ ٹیکس آفس بنایا گیا ہے۔ عمر زیب خان ڈپٹی کمشنر ریجنل ٹیکس آفس لاہور کو ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو کارپوریٹ ٹیکس آفس لاہور مقرر کیا گیا ہے۔ مس غزالہ ناصر صدیق ڈپٹی کمشنر کارپوریٹ ٹیکس آفس لاہور کو ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو کارپوریٹ ٹیکس آفس لاہور تعینات کیا گیا ہے۔ ان تمام افسروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے موجودہ عہدے سے سبکدوش ہو کر نئے دفاتر میں کام شروع کریں۔ ایف بی آر نے جمعہ 12 جنوری کو نوٹیفکیشن نمبر 0113 سی تھری 2024ء جاری کیا ہے جس کے مطابق فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے لیٹر نمبر ایف فور نائن 2019 آر (ایف ایس فور) زین احمد کو پروبیشنر افسر مقرر کیا گیا ہے۔ مس کلپنا نے ڈپٹی کمشنر کارپوریٹ ٹیکس آفس کراچی کا چارج چھوڑ کر ڈپٹی کمشنر آئی آر ریجنل ٹیکس آفس ون کراچی کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔

## پاکستان سنگل ونڈو نے روسی زبان میں ہیلپ لائن سروس متعارف کرادی

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان سنگل ونڈو نے روسی زبان میں ہیلپ لائن سروس متعارف کرادی، وسطی ایشیائی ممالک کے تاجر، بین الاقوامی تجارت میں فائدہ حاصل کرسکیں گے، پاکستانی معیشت کو مضبوط بنانے کے لئے پی ایس ڈبلیو نے اہم سنگ میل عبور کرلیا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن کراچی کا پیپرز کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BSE/P&P/2145/2024
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، F4(لیگل سائز) 75 گرام،
تعداد: 7,000 ریم۔
ڈوپلیکیٹنگ پیپر امپورٹڈ، سائز 55,10x15 تا 60 گرام،
تعداد: 10,000 ریم۔
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز 70 گرام،
تعداد: 1,000 ریم۔
کرافٹ پیپر، 65,29x44 تا 70 گرام، تعداد: 120 ریم۔
کمپیوٹر پیپر امپورٹڈ، سائز 60,9.5x11 تا 65 گرام،
تعداد: 80 بکس۔(فی بکس 2000 شیٹس)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 فروری 2024ء
برائے رابطہ: کنوینز، پروکیورمنٹ آفس، ناظم آباد، کراچی۔
فون: 021-99260252-6 / 99260268

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کراچی کا پیپر کا ٹینڈر

A4 سائز، پیپر ریمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th سینٹرل اسٹریٹ، فیز-2، ڈی ایچ اے، کراچی۔
فون:021-99266400-10 EXT:237-330

## سندھ ہائیکورٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
SHC/BUDGET/Tender/Printing Articles/2023-24/IX
میٹریل کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: غلام قادر ساریو، J.O.A، کورٹ روڈ، کراچی۔
فون:021-99203151-9 EXT:295

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کے پیپر و کارڈ کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر:82/HPH/70(46)2024
بک پرنٹنگ پیپر، سائز 68,22.5x34.5 گرام
بلیچ کارڈ، سائز 210,23x36 گرام
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2024ء
ٹینڈر حوالہ نمبر:87/HPC-1591-2024
فلیش کارڈ (Dyslexia Kit) کی پرنٹنگ، 210 گرام،
بلیچ کارڈ (لوکل)، بمع لیمینیشن۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: بریل کمپلیکس بلڈنگ، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔




فون:021-99231762-99231089
برائے رابطہ: C-45، سوک سینٹر، نزد ٹیلی فون ایکسچینج مصطفیٰ ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99260012
برائے رابطہ: 6- ماؤ ایریا، G-8/4، اسلام آباد۔
فون:051-9261036 - 9261534
برائے رابطہ: پلاٹ نمبر 37-36، سیکٹر B-2، فیز-5، حیات آباد، پشاور۔
فون:091-9217273

## سندھ مدرسۃ الاسلام کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:SMIU/TEND/2023-24/14
امتحانی ڈپارٹمنٹ کیلئے آنسر کاپی کی پرنٹنگ
فائنل ٹرم آنسر کاپی، تعداد:100,000 عدد
مڈ ٹرم آنسر کاپی، تعداد:100,000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 فروری 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ورکس اینڈ سروسز) آفس، ایوان تجارت روڈ، کراچی۔
فون:021-9217501-02-03

## ڈائریکٹر ایجوکیشن ساؤتھ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:DIR/EDU/TMC/NIT/001/23
پرنٹیڈ اسٹیشنری، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ، ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، صدر، ڈسٹرکٹ ساؤتھ، گراؤنڈ فلور، اولڈ ایجوکیشن بلڈنگ، محمد بن قاسم روڈ، نزد فریسکو چوک، کراچی۔
فون:021-99211429

## پبلک سیکٹر ادارے کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:01/2024

آرٹ کارڈ، آفسیٹ پیپر۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم فروری 2024ء
برائے رابطہ: ہیڈ پروکیورمنٹ، پی او بکس نمبر 1482، اسلام آباد۔
فون: 051-9248801-7 EXT:3631-3633

## انفارمیشن اینڈ کلچر ڈپارٹمنٹ لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:I&C/02/2024/Printing
ٹیبل بک کی پرنٹنگ، 148 صفحات، تعداد: 2000 بک،
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل)، گورنمنٹ آف پنجاب، 46-B، احمد بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99232111

## ملتان الیکٹرک پاور کمپنی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

سالانہ رپورٹ 2023 کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 فروری 2024ء
برائے رابطہ: فنانس ڈائریکٹر آفس، خانیوال روڈ، ملتان۔
فون:061-9220117

## ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد:400 ریم۔
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 80 گرام، تعداد:100 ریم۔
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام، تعداد:200 ریم۔
فائل کور، 310 گرام، تعداد:8500 عدد۔
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (مانیٹرنگ اینڈ آپریشن) آفس، گیٹ نمبر-4، جیلانی پارک، جیل روڈ، لاہور۔
فون:042-99202551-99204639

## سوئی ناردرن گیس لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:LED/005/2024
پرنٹڈ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:31 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، پہلی منزل، گیس ہاؤس، 21-کشمیر روڈ، لاہور۔ فون:042-99204644

## نیشنل پاور پارکس لاہور کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:NPPMCL-Admin-2023/2024-03
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:31 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: منیجر ایڈمنسٹریشن/ ایچ آر آفس، ملک پلازہ، دوسری منزل، 1-C-7، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-3، لاہور۔
فون:042-35759276-9


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آئی ایم ایف اور دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کا ایف بی آر کو خودمختار بنانے پر زور

